سید محمد زین العابدین صاحب نے حضرت شہیدؒ کے متعلق اکابر علماء کرام حضرت شہیدؒ کے اہل خانہ' تلامذہ اور دیگر متعلقین ومحبین کے تاثرات عربی وارد و مضامین' منظوم خراج عقیدت اور اخبارات ومجلات سے تعزیتی پیغامات کو یکجا کر کے تذکرۃ العطاء کے نام پر کتابی شکل میں جمع کیا' جس میں حضرت شہیدؒ ابتداء ایام سے تادم شہادت کا تذکرہ موجود ہے' اور اس گوہر نایاب کو زمزم پبلشرز کراچی نے عمدہ کاغذ بہترین طباعت اور خوشنما انداز میں شائع کیا۔ صفحات: ۴۰۰' قیمت درج نہیں اور زمزم پبلشرز کراچی نے اس کتاب کو شائع کیا۔

● رکعات تراویح ایک تحقیقی جائزہ .... مولف: مولانا حافظ ظہور احمد الحسینی

مولانا حافظ ظہور احمد الحسینی' جید عالم اور محقق فاضل ہیں جن کی ذات کسی تعارف کا محتاج نہیں' ان کی کئی کتابیں اہل علم وتحقیق سے داد تحسین وصول کر چکی ہے' ان کا قلم مستند قلم ہے' خصوصاً مذہب احناف کے حوالے سے ان کی نظر نہایت ہی معتبر ہے اور اس حوالہ سے ان کی کئی کتابیں منصۂ شہود پر آ چکے ہیں' زیر تبصرہ کتاب ''رکعات تراویح ایک تحقیق جائزہ'' بھی اس سلسلہ کی ایک مبارک کڑی ہے' مولف نے اس اہم موضوع کا کماحقہ حق ادا کردیا ہے۔ بیس رکعات کے تراویح کے اثبات میں علماء کرام نے متعدد مقالات' مضامین اور کتابیں تحریر فرمائی ہیں' اردو' عربی' فارسی' پشتو زبانوں میں اس پر خاطر خواہ ذخیرہ موجود ہے' مگر ہر گلے را رنگ وبوئے دیگر است

مولف محترم نے اس مسئلہ کا تحقیقی جائزہ پیش کیا ہے اور متعدد شکوک وشبہات کا ازالہ نہایت خوش اسلوبی' سلیقہ مندی' مضبوط دلائل اور مستند حوالہ جات سے کیا گیا ہے۔ مولف نے نہایت خوبصورت انداز اور اسلوب میں اس مسئلہ کا عالمانہ اور فاضلانہ جائزہ لیا ہے' یہ تحقیقی کتاب ان کے عمیق مطالعہ پر دال ہے' یہ ایک جامع' علمی' تخریجی اور عالمانہ تالیف ہے___ امید ہے یہ کتاب اہل عقل وانصاف کے لئے مشعل راہ ثابت ہوگی اور تمام شکوک وشبہات کے ازالہ میں ممد ومعاون بھی ثابت ہوگا۔ ان شاء اللہ۔ ۴۳۱ صفحات پر مشتمل یہ کتاب خانقاہ امدادیہ مدرسہ عربیہ حنفیہ تعلیم الاسلام مدینہ مسجد محلہ زاہد آباد حضرو اٹک سے دستیاب ہے۔ 0312-2311400

● خلیفہ کا انتخاب .... مرتب: مفتی آصف محمود

اسلام ایک کامل دین اور مکمل دستور حیات ہے جو زندگی کے تمام شعبوں میں انسانیت کی راہنمائی کرتا ہے اسلام جہاں انفرادی زندگی میں فرد کی اصلاح پر زور دیتا ہے وہی اجتماعی زندگی کے زریں اصول وضع کرتا ہے اسلامی نظام میں ریاست وسلطنت اور مذہب ساتھ ساتھ چلتے ہیں یہ ایک دوسرے کی تکمیل کرتے ہیں اور ایک دوسرے کے معاون ہیں' اسلام کا جس طرح اپنا معاشی اور اقتصادی نظام ہے اور اپنے اقتصادی اصول ہیں اس طرح اسلام کا اپنا نظام سیاست وحکومت ہے اسلام کا نظام سیاست وحکمرانی موجودہ جمہوری نظام سے مختلف اور اس کے نقائص و